**21.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. اسلم بیگ

**Music**

---

☆ کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا پانچ ملکوں کا دورہ، سماج کے ہر طبقے کیلئے فوائد کی گارنٹی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا، بھارت کو ایک بھروسے مند پارٹنر کے طور پر دیکھ رہی ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ٹیکنالوجی سے چلنے والے سکیورٹی نظاموں کو بڑھانے اور سکیورٹی کی کارروائی کو بہتر بنانے پر زور دیا ہے۔

☆ حکومت نے ایک بار پھر کہا ہے کہ ملک میں خام تیل، پیٹرول، ڈیزل، قدرتی گیس اور LPG کی خاطر خواہ سپلائی موجود ہے۔

☆ مرکز نے Ebola سے متاثرہ ملکوں سے آرہے یا وہاں سے گزر کر آرہے مسافروں کیلئے صحت سے متعلق ایڈوائیزری جاری کی ہے۔ بھارت–افریقہ فورم سمٹ ملتوی کر دیا گیا ہے۔

☆ محکمۂ موسمیات نے اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں کل گرمی کی سخت صورتحال سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں احمدآباد میں گجرات ٹائٹنس اور چنئی سپُر کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Goyal PM Visit***

مرکزی وزیر اور BJP لیڈر پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ دنیا، بھارت کو ایک بھروسے مند شراکت دار کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے پانچ ملکوں کے دورے پر نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ یہ دورہ سماج کے ہر طبقے کیلئے فوائد کی گارنٹی دیتا ہے۔ انہون نے کہا کہ وزیر اعظم کا دورہ، اِس بات کا مظہر ہے کہ بھارت، عالمی منظرنامے پر مضبوطی سے کھڑا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سفر کے دوران 57اہم معاہدوں پر دستخط کیے گئے، جن میں بھارت میں 75 سے 100ارب ڈالر تک کی سرمایہ

کاری کا متحدہ عرب امارات کا وعدہ شامل ہے۔ انہوں نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف مبینہ طور پر اُن کے توہین آمیز بیان کیلئے اُن کی نکتہ چینی کی۔

## Goyal GDP

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، فطری شراکت دار کے طور پر کام کر رہے ہیں اور کئی شعبوں میں ایک دوسرے کی تکمیل کر رہے ہیں، جن میں ٹیکنالوجی، اختراعات، انتہائی دقیق نوعیت کے دفاع، ڈیجیٹل ڈاٹا مراکز، کوانٹم کمپیوٹنگ اور طبی آلات شامل ہیں۔ نئی دلّی میں امریکن چیمبر آف کامرس کے سالانہ لیڈر شپ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری، باہمی اعتماد اور مشترکہ اقتصادی مفادات کے سبب مستحکم ہوئی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، عالمی کمپنیوں کیلئے ایک بھروسے مند فریم ورک مہیا کرتا ہے اور اِس میں اعلیٰ پیمانہ، صلاحیت اور مارکیٹ کے مواقع شامل ہیں۔ انہوں نے عالمی سپلائی چین کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں MSME کے رول کو اجاگر کیا۔ x

## Vaishnaw Security Meeting

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے فیلڈ افسران کے ساتھ نئی دلّی میں آج ایک اعلیٰ سطح کی سکیورٹی کے جائزے سے متعلق میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ ریل گاڑیوں میں حال ہی میں آگ لگنے کے کئی واقعات کی ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ اِس میں سماج دشمن عناصر شامل تھے۔ وزارت نے بتایا کہ اِن واقعات کو انتہائی سنجیدگی سے لیا گیا ہے اور ریلوے کی تحفظاتی فورس، پوری سرگرمی کے ساتھ اِس کی چھان بین کر رہی ہے۔ ٹیکنالوجی سے چلنے والے سکیورٹی نظام کو بڑھانے، پورے ریلوے نیٹ ورک میں CCTV کوریج کو وسعت دینے اور سکیورٹی کارروائی کو بہتر بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ x

## Inter Ministerial

حکومت نے آج ایک بار پھر یقین دلایا ہے کہ بھارت میں خام تیل، پیٹرول، ڈیزل، قدرتی گیس اور LPG کی بھرپور سپلائی ہے اور ریفائنریز، مانگ پورا کرنے کیلئے اپنی زیادہ سے زیادہ صلاحیت کا استعمال کر رہی ہیں۔LPG کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور ریفائنریز میں روزانہ تقریباً 46سے 47ہزار ٹن LPG تیار کی جارہی ہے۔ نئی دلّی میں مغربی ایشیا کی صورتحال پر بین وزارتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ سپلائی مستحکم ہے اور سبھی پیٹرول پمپوں پر دستیابی کو یقینی بنانے کے اقدام کئے جارہے ہیں۔

رسوئی کے مقصد کیلئے LPG کی سپلائی مستحکم ہے اور پچھلے تین دن میں ایک کروڑ 34لاکھ گھریلو LPG سلنڈر فراہم کئے گئے ہیں جبکہ کمرشل LPG کی سپلائی اِس مہینے کی پہلی تاریخ سے اب تک ایک لاکھ 32ہزار ٹن کی جاچکی ہے۔x

**DGHS Ebola Disease**

صحت خدمات کے ڈائرکٹوریٹ جنرل نے متاثرہ ملکوں سے آرہے یا وہاں سے گزر کر آرہے مسافروں کیلئے Ebola بیماری کے متعلق ایک ایڈوائیزری جاری کی ہے۔ ایڈوائیزری کے مطابق وہ مسافر، جنہوں نے زیادہ خطرے والے ملکوں، جن میں ڈیموکریٹک ری پبلک آف کانگو، یوگانڈا اور جنوبی سوڈان شامل ہیں، کا سفر کیا ہے اور جنھیں بخار، سر درد، اعصاب میں جکڑن، بغیر کسی وجہ کے خون بہنے اور قئے آنے اور نگلنے میں پریشانی کا سامنا ہے تو اُن سے زور دے کر کہا جاتا ہے کہ وہ فوراً طبی عملے سے رجوع کریں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Dependra**

حکومت نے کہا ہے کہ تصدیق شدہ Ebola مریضوں یا مشتبہ مریضوں سے خون لینے کے سبب براہ راست رابطے میں آئے مسافر، امیگریشن کلیئرینس سے قبل ہوائی اڈے کے صحت آفیسر یا ہیلتھ ڈیسک سے فوراً رجوع کریں۔ حکام نے مزید کہا ہے کہ کسی مسافر کے اپنی آمد کے 21دن کے اندر ایسی کسی بیماری کے آثار پیدا ہوتے ہیں تو اُسے فوراً طبی مدد طلب کرنی چاہیے اور اپنے پچھلے سفر کے متعلق حفظانِ صحت کے اہلکاروں کو خبر دینی چاہیے۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ صحت سے متعلق بین الاقوامی ضابطوں پر عمل آوری اور تحفظ کو یقینی بنانے کی غرض سے صحت جانچ اور عوامی صحت کے اقدامات کے سلسلے میں تعاون کریں۔

دلّی سے دیپندر اور انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

**Rev. WHO Ebola**

عالمی صحت تنظیم کا کہنا ہے کہ 21مئی تک ڈیموکریٹک ریپبلک آف دی کانگو اور یوگانڈا میں Ebola کی ایک انوکھی قسم Bundibugyo سے متعلق 650مشتبہ معاملات کا پتہ چلا ہے، جس میں 144اموات بھی شامل ہیں۔ اتوار کو عالمی صحت تنظیم نے اِسے بین الاقوامی تشویش کی ایک عوامی صحت ایمرجنسی قرار دیا تھا، البتہ اُس نے کہا تھا کہ یہ وبائی سطح پر نہیں ہے۔

صحت کی اِس صورتحال کے پیش نظر، بھارت–افریقہ فورم سمٹ، جو اِس ماہ 28تاریخ کو نئی دلّی میں شروع ہونا تھا، ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اِس سے قبل آج ہی بھارتی حکومت نے افریقہ میں رہ رہے، سفر پر جا رہے یا افریقی ملکوں سے واپس آرہے Ebola وائرس سے متاثرہ لوگوں کیلئے ایک ایڈوائیزری جاری کی تھی۔ اب تک بھارت میں کسی معاملے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

**Shivraj Agricola Medal**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ بھارت نے زرعی پیداوار میں اضافہ کرکے، غذا کی فراہمی کو یقینی بنانے کے عمل کو مستحکم کرنے اور لاکھوں کی کسانوں کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لاکر دنیا کے سامنے ایک نیا ماڈل پیش کیا ہے۔ Rome میں وزیر اعظم نریندر مودی کو غذا اور زرعی تنظیم

FAO ایگری کولا میڈل سے نوازے جانے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ یہ اعزاز، نئے بھارت کے بڑھتے ہوئے وقار کی ایک علامت ہے۔

**S/B: Shivraj- Agricola Medal**

## ***IAFS Ppstpone***

چوتھا بھارت–افریقہ فورم سمٹ، جو اِس ماہ کی 28 تاریخ سے 31 تاریخ تک نئی دلّی میں منعقد ہونا تھا، افریقہ کے کچھ حصوں میں صحت کی صورتحال کے پیش نظر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت، افریقی یونین کے صدرنشیں اور افریقی یونین کمیشن کے درمیان مشاورت کی گئی، جس میں سمٹ اور اُس سے وابستہ سرگرمیوں کو منعقد کرنے پر غور و خوض کیا گیا، جس میں افریقی لیڈروں اور طرفین کی مکمل شراکت داری اور شمولیت کو یقینی بنانے کی اہمیت کا اعتراف کیا گیا۔ اِس صلاح و مشورے کے بعد دونوں طرفین نے اِس بات سے اتفاق کیا کہ چوتھا بھارت–افریقی فورم سمٹ، بعد کی کسی تاریخ پر طلب کرنا زیادہ مناسب ہوگا۔

سمٹ اور اِس سے وابستہ میٹنگوں کی نئی تاریخ، باہمی مشاورت سے طے کی جائے گی اور جلد ہی اِس سلسلے میں اعلان کیا جائے گا۔بھارت نے افریقہ کے عوام اور وہاں کی سرکاروں کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ افریقہ کی CDC کی قیادت والی کوششوں میں تعاون کیلئے تیار ہے، جن کا مقصد صحت کی موجودہ صورتحال سے نمٹنا ہے۔ x

## ***Bricks Group Meeting***

بھارت نے دہشت گردی کی تمام شکلوں خصوصاً سرحد پار کی دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے متحدہ عالمی کوششوں پر زور دیا۔ نئی دلی میں انسدادِ دہشت گردی سے متعلق برکس کی ورکنگ گروپ کے 11ویں سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مغربی خطوں کے خارجہ امور کی وزارت کے سکریٹری C.B George نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردوں کو پناہ دینے اور ان کی حمایت کرنے والوں کو جواب دہ ٹھہرانے کی ضرورت ہے۔

سرحد پار دہشت گردی کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے MEA کے سکریٹری نے دہشت گرد گروپوں کی حمایت کرنے اور اُن کو پناہ دینے والوں کو جواب دہ ٹھہرانے کی ضرورت پر زور دیا۔

برکس کی ورکنگ گروپ کے 11ویں سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے دہشت کی مالی اعانت، انتہا پسندی اور دہشت گرد گروپوں کی جانب سے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے غلط استعمال سے نمٹنے کیلئے مضبوط بین الاقوامی تعاون کی اپیل کی۔

## ***India Slams Pak***

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے اجلاس میں نسل کُشی والے پاکستان کے طویل داغدار ریکارڈ کو اجاگر کیا ہے۔ مسلح محاذ آرائی میں عام شہریوں کے تحفظ کے بارے میں سلامتی کونسل کے سالانہ کھلے مباحثے میں

اظہارِ خیال کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے **Harish Parvathaneni** نے کہا کہ گذشتہ دہائیوں کے دوران پاکستان کے غیر انسانی طرزِ عمل سے اُس کی سرحدوں اور اِس سے باہر بھی تشدد کی حرکتوں کے ذریعے داخلی ناکامیوں کا رخ باہر کی جانب موڑنے کی اُس کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ ستم ظریفی کی بات ہے کہ پاکستان نے جس کا نسل کُشی کی حرکتوں کا طویل داغدار ریکارڈ رہا ہے، اُن معاملات کا حوالہ دینے کی کوشش کی ہے، جوکُلّی طور پر بھارت کے داخلی معاملات ہیں۔

جناب **Harish Parvathaneni** نے یہ رائے زنی اُس وقت کی جب پاکستان کے نمائندے نے بحث کے دوران جموں وکشمیر کا معاملہ اٹھایا۔x

## VP EDU Tour Students

آندھراپردیش کے گنٹور ضلعے کے اسکول طلبا کے وفد نے آج اُپ راشٹرپتی بھون میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن سے ملاقات کی۔ نائب صدر جمہوریہ نے، سرکاری اسکولوں کے، غریب اور پسماندہ طبقے کے طلبا کو ایک تعلیمی دورے پر، دلّی لانے کے قدم کو سراہتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کے دوروں سے طلبا، کلاس روم سے ہٹ کر کافی کچھ سیکھیں گے اور اُن کے نظریات میں وسعت پیدا ہوگی۔

نائب صدر جمہوریہ نے اپنی بات چیت میں طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے موجودہ مالی حالات کی وجہ سے ہمت نہ ہاریں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ تعلیم سے وہ اپنی زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے اہل بنیں گے۔x

## Birla Speaker Assam

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے، **16**ویں آسام قانون ساز اسمبلی کا اسپیکر منتخب ہونے پر رنجیت کمار داس کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ جناب داس کا قانون ساز کا وسیع تجربہ اور عوامی خدمت کیلئے غیر متزلزل عزم، اسمبلی کے وقار اور جمہوری روایات کو مضبوط کرے گا۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں کل کیلئے شدید سے شدید ترین گرم لہر کی صورتحال کے بارے میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس طرح کی صورتحال اس ہفتہ جاری رہے گی۔ اسی طرح کے حالات دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور ساحلی آندھرا پردیش میں بھی رہنے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

**V/C- Ishani Yadav**

بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے، بہار، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اڈیشہ، پنجاب، راجستھان، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور تیلنگانہ میں کل سے اختتامِ ہفتہ تک گرم لہر کی صورتحال رہنے کے بارے میں پیش گوئی کی ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے مغربی بنگال اور اڈیشہ میں آئندہ دو سے تین دن تک گرم اور مرطوب موسم رہنے کی بھی پیش گوئی

کی ہے۔IMDنے کہا ہے کہ سب ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں اتوار تک شدید سے شدید ترین بارش ہونے کے توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے ہماچل پردیش، جموں و کشمیر اور لداخ میں کل تک گرج چمک اور ژالا باری کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی کی ہے۔ اسی دوران IMD نے انڈومان نکوبار جزائر کیرالم، ماہے، لکشدیپ، اتراکھنڈ، ساحلی کرناٹک، کونکن، گوا اور شمال مشرقی خطے میں آئندہ دو دنوں تک بجلی کی چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کے بارے میں بھی پیش گوئی کی ہے۔×

اشانی یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں مہتاب عالم

## Cyprus Prez Visit

قبرص کے صدر Nikos Christodoulides نے آج ممبئی میں، قومی اسٹاک ایکسچنج کا دورہ کیا اور 'گھنٹی بجانے' کی روایتی تقریب میں شرکت کی۔ ایک پروگرام میں کلیدی خطبہ دیتے ہوئے انھوں نے ایک بار پھر کہا کہ قبرص، بھارت اور یوروپ کے درمیان ایک قدرتی راہداری ہے نیز وہ وسیع تر مشرقی بحیرۂ روم اور مشرقِ وسطیٰ کے درمیان ایک رہداری ہے جو امنگ، اختراع اور مستقبل پر مرکوز خاکے کے ساتھ سیاسی اور اقتصادی استحکام فراہم کرتی ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ قبرص، دونوں ملکوں کی طرف سے مزید سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور خاص طور پر ٹیکنالوجی، جہاز رانی، توانائی اور مالی خدمات کے شعبوں میں بھارت کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری نیز مالی رابطوں کو گہرا کرنے کا منتظر ہے۔x

## Social Justice Ministry Care Givers

سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کی وزارت کل اچھی کارکردگی والی 'نگہداشت معیشت' تخلیق دینے کے ایک ورچوئل پروگرام کا انعقاد کرے گی۔ وزارت نے بتایا کہ اِس تقریب کی اہم سرگرمی، معمر شہریوں کیلئے جیون ایپ اور معمر افراد کی نگہداشت کرنے والوں کے بارے میں جانکاری کے SHATAYU ڈیش بورڈ کا آغاز کرے گی۔سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر ویریندرکمار اِس ایپ اور ڈیش بورڈ کا آغاز کریں گے۔ جناب کمار، کلیدی خطبہ بھی دیں گے جس میں وہ معمر شہریوں سے متعلق نگہداشت کے ایکونظام کو مستحکم بنانے کے مقصد سے وزارت کے اقدام کا خاکہ پیش کریں گے۔x

## UPSC Centres

یونین پبلک سروس کمیشن UPSC نے 2026کے سول سروس Preliminary امتحانات کے مرکزوں پر بہت زیادہ امیدواروں کی تعداد کو کم کرنے کی کوشش میں تین نئے امتحانی مراکز قائم کئے ہیں۔ یہ مراکز بھوبنیشور، کانپور اور میرٹھ میں بنائے گئے ہیں۔ اس طرح ان امتحانات کیلئے مرکزوں کی تعداد 80سے بڑھ کر 83ہوگئی ہے۔ UPSC کے مطابق ان نئے مرکزوں کیلئے لگ بھگ 23ہزار امیدواروں نے درخواست دی ہے اور اس طرح دیگر ملحقہ مرکزوں کا رَش کم ہوگیا ہے۔×

***IPL***

IPL کرکٹ میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جاری ایک میچ میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سپرکنگس کو جیت کیلئے 230رن کا نشانہ دیا ہے۔ اس سے پہلے چنئی سپرکنگس نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔ گجرات ٹائٹنس کی طرف سے سُدرشن نے 53 گیندوں میں شاندار 84رن بنائے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆